سوال

(155) نجومی اور کاہنوں کی حقیقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نجومیوں کاہنوں کی حقیقت کیا ہے ؟ بعض مسلمان بھائی کہتے ہیں کہ عیسائیوں کے نجومیوں کی باتیں مسلمان نجومیوں سے زیادہ سچ ثابت ہوئی ہیں ۔ نعوذ باللہ۔ اس سے شک پڑتا ہے شاید وہ عیسائیت کی طرف مائل ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نجومی اور کاہن مسلم ہو خواہ غیر مسلم ان کے پاس جانا، ان کی تصدیق وتائید کرنا ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھنے کے مترادف ہے ،جبکہ احادیث میں تصریح آئی ہے ۔ (سنن ابو داؤد، کتاب الکہانة والتطیر، باب النہی عن اتیان الکہان)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص